Cambridge O Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge Ordinary Level

---

**FIRST LANGUAGE URDU** | **3247/02**
Paper 2 Texts | **For Examination from 2015**
SPECIMEN PAPER

**2 hours**

Additional Materials: Answer Paper/Booklet

---

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

**Read these instructions carefully.**
Write your Centre number, candidate number and name on the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
Dictionaries are not permitted.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer the question in Part 1, **one** question from Part 2 and **one** question from Part 3.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.

**مندرجہ ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔**

جواب لکھنے کی کاپی میں مہیا کی گئی جگہوں پر اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر لکھیں۔
صرف نیلے یا کالے رنگ کا قلم استعمال کریں۔
جواب لکھنے کے لیے مہیا کی گئی علیحدہ کاپی پر اپنا جواب اردو میں تحریر کریں۔
اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ مت استعمال کریں۔
لغت (ڈکشنری) کا استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
بارکوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

امتحان میں کتاب لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔
حصہ الف کے سوال کا جواب لکھیے۔ حصہ ب اور حصہ ج میں سے صرف ایک ایک سوال کا جواب لکھیے۔

اس پرچے میں ہر سوال کے مارکس بریکٹ میں دیے گئے ہیں: [ ]
آپ کا ہر جواب دی گئی حدود کے اندر ہونا چاہیے۔
اگر آپ ایک سے زیادہ جوابی کاپیاں استعمال کریں تو انہیں مضبوطی سے ایک دوسرے سے منسلک کر دیں۔

---

This document consists of **4** printed pages.

© UCLES 2012

CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

www.theallpapers.com

**Part 1 Unseen passage**

حصہ ج (ان دیکھا اقتباس)

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیں جو کہ اپنی مدد آپ کے بارے میں ہے۔

مصنف نے پڑھنے والے کے جذبات کو ابھارنے کے لیے کن چیزوں کا سہارا لیا ہے؟ مثالوں سے وضاحت کیجیے۔ آپ کا جواب 300–350 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

آپ اپنے جواب کے لیے ان نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔

۔انداز بیان

۔تذکرہ خضر

۔لب ولہجہ

[20]

© UCLES 2012

www.theallpapers.com

"خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔" یہ ایک ایسا عمدہ قول ہے کہ تمام بنی نوع انسان اسے پرکھ چکے ہیں۔ جس طرح کسی ایک شخص میں یہ جذبہ ترقی کی بنیاد ہے۔ اسی طرح کسی قوم یا گروہ کی ترقی کا محرک بھی یہی جذبہ ہے لیکن جب کسی گروہ یا قوم سے یہ جذبہ مفقود ہو جائے تو اس قوم میں انا بھی ختم ہو جاتی ہے۔ اس طرح وہ قوم دوسری تمام قوموں کے لئے عبرت کا نشان بن جاتی ہے۔

یہ قانونِ قدرت ہے کہ جیسی قوم ہو اسی کے مطابق اس کے قوانین اور ویسی ہی ان کی حکومت ہوتی ہے۔ یعنی کسی قوم کی ترقی کا انحصار اس کی حکومت کے عمدہ ہونے سے زیادہ اس ملک کی رعایا کے اعلیٰ شخصی اوصاف پر ہے۔ قومی ترقی، شخصی محنت، شخصی عزت اور شخصی ہمدردی کا مجموعہ ہے۔ اسی طرح قومی تنزل شخصی بے عزتی، بے ایمانی، خود غرضی اور شخصی برائیوں کا مجموعہ ہے۔ یعنی معاشرے کی اصلاح کے لئے پہلے شخصی برائیوں کو ختم کرنا چاہیے۔

اے ہم وطنو! قوم کی بھلائی اور بہتری کا سوچو۔ تاکہ تمہاری قوم بھی دنیا کی دوسری قوموں میں ایک معزز مقام حاصل کر سکے۔ ہر شخص اور قوم اپنی اصلاح خود کرے کیونکہ باہر سے کوئی انسان انھیں طاقت کے زور سے تہذیب یافتہ نہیں بنا سکتا۔ وہ شخص غلام نہیں جس کا آقا ظالم و جابر ہو۔ در حقیقت غلام وہ شخص ہے جو خود غرض اور جہالت میں مبتلا ہو کر ملت کے غم سے بے نیاز ہو۔ ترقی کے لیے قوم کو خود ہاتھ پاؤں مارنے چاہئیں۔

لوگ اصلاح قوم کے لیے خضر کو ڈھونڈتے ہیں یا پھر سوچتے ہیں کہ حکومت ہمارے مسائل حل کرے ہم خود کچھ نہ کریں۔ یہ سراسر انسان پرستی ہے۔ اس کا نتیجہ ذلت ہے۔ دراصل اپنی مدد آپ کا اصول اپنا کر لوگ خضر کو بھول سکتے ہیں۔



www.theallpapers.com

## Part 2 Poetry

حصہ الف (شاعری)

حصہ الف میں سے کسی ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 2۔

مرزا غالب نے اپنی شاعری میں انسانی نفسیات کی عکاسی بہت خوب صورت انداز میں کی ہے۔ نصاب میں شامل غزل "ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے" کے حوالے سے اپنے خیالات تفصیلی اظہار کیجیے۔

[15]

یا

سوال نمبر 3۔

نظم "خطاب بہ جوانانِ اسلام" میں علامہ اقبال مسلمان نوجوانوں کو اُن کے اسلاف کے کارناموں کی یاد دلا رہے ہیں۔ آپ کے خیال میں شاعر کس حد تک اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اپنے خیالات کا اظہار نظم کے حوالے سے کیجیے۔

[15]

## Part 3 Prose

حصہ ب (نثر)

حصہ ب میں سے کسی ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 4۔

غلام عباس نے اپنے افسانے "اوور کوٹ" کے مرکزی کردار کے ذریعے معاشرے کے کن بُرے پہلوؤں کی طرف اشارہ کیا ہے۔ افسانے کے حوالے سے اپنا جواب تحریر کیجیے۔

[15]

یا

سوال نمبر 5۔

مولانا محمد حسین آزاد نے اپنے مضمون "انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا" میں وہم کی تصویر کشی بہت ہی خوب صورت انداز میں کی ہے۔ آپ کے خیال میں مصنف کس حد تک اپنے مقصد میں کامیاب ہوا ہے۔ مثالیں دے کر وضاحت کیجیے۔

[15]

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1 © Rana Ahsan Saleem; *Armghna Urdu*; Alqalam Publishers Lahore; August 2005.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.



www.theallpapers.com